13

شیر اور مچھّر

ایک شیر جنگل میں درخت کے نیچے سو رہا تھا۔ ایک مچھّر بھنبھناتا ہوا شیر کے پاس آ پہنچا۔ شیر کا خوٗن چوسنے کے لیے اس کے آس پاس منڈلانے لگا۔

مچھر کی آواز سے شیر کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے مچھر سے کہا، ''اے حقیر کیڑے! دور ہو جاؤ، میرے پاس نہ آؤ۔ تجھے معلوم نہیں میں جنگل کا بادشاہ ہوں۔''

مچھر نے کہا، ''میں تم سے نہیں ڈرتا۔'' مچھر کی یہ بات سن کر شیر کو غصہ آگیا

© NCERT not to be republished

اور اس نے مچھر کو مارنے کے لیے اپنا پنجہ اٹھایا۔ مچھر جو کہ شیر کے گال پر بیٹھا تھا پنجہ دیکھتے ہی اڑ گیا۔ شیر کا زور دار پنجہ خود اس کے گال پر لگ گیا اور گال زخمی ہو گیا۔

اب مچھر کو شرارت سوجھی اور شیر کے دوسرے گال پر جا بیٹھا شیر نے غصّے میں مچھّر کو مارنے کے لیے پھر پنجہ اٹھایا۔ لیکن یہ کیا ہوا مچھّر پھر سے اُڑ گیا اور زور دار پنجہ دوبارہ شیر کے دوسرے گال پر لگ گیا۔ 'پھٹاک' اب شیر کا دوسرا گال بھی زخمی ہوگیا۔ شیر کے گال سے خون بہنے لگا۔ شیر بے بس ہو گیا۔

مچھر، شیر کے پاس منڈلا رہا تھا۔ تنگ آکر شیر وہاں سے اُٹھا اور خاموشی سے چلا گیا۔ شیر کو جاتے دیکھ کر مچھّر نے کہا، ''دوست اپنے آپ پر غرور نہیں کرنا چاہیے۔''

(لوک کہانی)

مشق

1. ان لفظوں کو لکھوائیے

جنگل	______	______	______	______	______
شیر	______	______	______	______	______
درخت	______	______	______	______	______
زخمی	______	______	______	______	______

2. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

م	چھ	ر		=	....
د	و	س	ت	=	....
ج	ن	گ	ل	=	....
غ	ر	و	ر	=	....
ح	ق	ی	ر	=	....

اساتذہ کے لیے ہدایات:

- کہانی کی تصویروں کو دکھا کر بچّوں سے بات چیت کریں۔
- بچّوں سے گھر والوں سے سنی کسی کہانی کو جماعت میں سنوایا جائے۔

© NCERT not to be republished

.3 نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

شیر

گال

خون

درخت

کیڑے

.4 نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے

....

....

....



....

© NCERT not to be republished

5. شیر اور مچھر کی تصویر بنوا کر رنگ بھروائیے

شیر



مچھّر



© NCERT not to be republished